15-02-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حیدرآباد کے بنجارہ بھون میں منعقد کئے گئے سنت سری سیوالال مہاراج جینتی کی تقریب میں شرکت کی۔ ریاست کے تمام تانڈوں میں بی ٹی روڈ کی تعمیر کی سہولت فراہم کرنے عہدیداروں کو ہدایت دی۔

۲۔ ریاست بھر میں مہا شیوراتری بڑے پیمانے پر عقیدت و احترام کے ساتھ منائی جارہی ہے۔ مندروں میں عقیدتمندوں کی بڑی تعداد خصوصی پوجا کررہی ہے اور ویملواڑہ کے سری راجہ راجیشورا سوامی مندر میں شیوراتری عقیدت واحترام سے منائی جارہی ہے۔

۳۔ کے ٹی آر نے الزام لگایا کہ کانگریس بی آر ایس کے کارپوریٹروں کو لالچ دینے کی کوشش کررہی ہے۔

اور

۴۔ ریاستی وزیر واکٹی سری ہری نے جرچرلہ سے گڑے بلور تک چار لائن سڑک کی تعمیر منظور ہونے پر خوشی کا اظہار کیا اور پروجیکٹ کو منظوری دینے پر مرکزی حکومت سے کیا اظہار تشکر۔

۵۔ مردوں کے T20 کرکٹ ورلڈ کپ کے تحت ابھی تھوڑی دیر میں کولمبو میں ہندوستان اور پاکستان کے درمیان مقابلہ ہوگا۔

Sevalal

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حیدرآباد کے بنجارہ بھون میں منعقد کئے گئے سنت سری سیوالال مہاراج جینتی کی تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے کہا کہ تلنگانہ کے قیام اور ریاست کی تعمیر جدید میں لمباڑا طبقہ کے نوجوانوں اور اس کے سماج کا اہم کردار رہا ہے۔ انہوں نے ریاست کے تمام تانڈوں میں بی ٹی روڈ کی تعمیر کی سہولت فراہم کرنے اور تمام تانڈوں میں روڈ تعمیر کرنے

عہدیداروں کو ہدایت دی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ان کے سیاسی سفر میں چار مہینوں کے اندر 20 سال مکمل ہونے جارہے ہیں۔ اس میعاد کے اندر تمام تانڈوں میں روڈ تعمیر کرنے کا تیقن دیا۔ انہوں نے لمباڑہ طبقہ کے نوجوانوں سے کہا کہ وہ زراعت تک محدود نہ ہوکر اپنے مستقبل کو سدھارنے پر توجہ دیں۔ گروپ ون، گروپ 2 ملازمتوں کے حصول کیلئے ایک منصوبہ کو قطعیت دینے پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کو ان کے پسند کے شعبہ میں ترقی فراہم کرنے کیلئے تمام تر مدد فراہم کرے گی۔

Mallu Bhatti Vikramarka

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکراماکہ نے کھمم ضلع کے مدھیرا میں واقع تیلا وسنتیا میموریل گورنمنٹ اسکول کے سابق طلبہ کے سمیلن میں شرکت کی۔ اس موقع پر نائب وزیراعلیٰ نے تعلیمی شعبہ کو حکومت کی جانب سے فراہم کئے جانے والے اقدامات سے واقف کروایا۔ نائب وزیراعلیٰ نے کہا کہ عالمی سطح پر مسابقت کیلئے حکومت بین الاقوامی سطح کے سہولتوں کے ساتھ 100 ینگ انڈیا انٹی گریٹیڈ ریسیڈنشل اسکولوں کی تعمیر کررہی ہے اور ان کاموں میں تیزی پیدا کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اسکولوں میں تعلیم حاصل کرنا ایک خوش قسمتی کی علامت تصور کرنے کے مانند حکومت اسکولوں میں معیاری سہولتیں فراہم کررہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بجٹ میں تعلیم کو بڑی اہمیت دینے کے اقدامات کررہی ہے۔ اسکولوں کی تعلیم، ڈیجیٹل تعلیم، پینے کے پانی کی سہولت، لائبریری جیسے بنیادی سہولتوں کی فراہم کیلئے حکومت بھاری مقدار میں فنڈ بھی مختص کررہی ہے۔

KTR

بی آر ایس کے ورکنگ صدر کے ٹی آر نے کہا کہ ریاست کے میونسپل انتخابات کے نتائج میں 34 مقامات پر معلق بلدیات کے حالات پیدا ہوئے ہیں۔ اِن مقامات پر کانگریس کے قائدین

پولیس کے تعاون کے ذریعہ بی آر ایس کے کارپوریٹروں کولالچ دینے کا الزام لگایا۔انہوں نے کہا کہ ایکس آفشو یو ووٹرس پر ابھی کوئی واضح تصویر سامنے نہیں آئی ہے۔سنگا رینی میں کانگریس اور بی جے پی اپنے سازباز کے ذریعہ بدعنوانیوں میں ملوث ہونے کا بھی الزام لگایا۔انہوں نے کہا کہ اِن بدعنوانیوں کی روک تھام کیلئے سی پی آئی کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔اِس کا سابق میں ہی اعلان کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ کوتہ گوڑم میں سی پی آئی پر کس قسم کا دباؤ آیا ہے۔اِس پر اپنے شک وشبہات کا بھی اظہار کیا۔

Mahashivratri

مہا شیوراتری کے موقع پر ویملواڑہ میں واقع سری راجہ راجیشورا سوامی مندر میں شیوراتری کی تقریبات بڑے پیمانے پر منعقد ہورہی ہیں۔راجنا کے علاوہ اس سے متعلق بھیمیشورا سوامی کے پوجا کیلئے عقیدتمندوں کی بڑی تعداد آئی ہوئی ہے۔اِس موقع پر ریاستی وزیر پونم پربھاکر اور گورنمنٹ وہپ آدی سرینواس نے مندر کا دورہ کرتے ہوئے خصوصی پوجا کی اور حکومت کی جانب سے ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے بھیمیشورا سوامی کو ریشمی ملبوسات بھی پیش کئے جبکہ مندر کے احاطہ میں عقیدتمندوں کی سہولت کیلئے عہدیداروں کی جانب سے وسیع تر انتظامات کئے گئے ہیں۔

Central Govt. Thankful Sri Hari

ریاستی وزیر واکٹی سری ہری نے جرچرلہ سے گڑے بلور تک چار لائن سڑک کی تعمیر منظور ہونے پر خوشی کا اظہار کیا۔مکتھل میں میڈیا سے انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ تقریباً تین ہزار 175 کروڑ کی لاگت سے مرکزی حکومت نے اِس پروجیکٹ کو منظوری دی ہے۔وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کے دہلی دوروں پر آنے والے تنقیدوں کیلئے یہ سڑک کی منظوری اس کا موثر جواب ہے۔انہوں نے کہا کہ آنے والے اپریل سے اِس سڑک کی تعمیر کے کاموں کا آغاز ہوگا۔ہائی برِیڈ انوایٹی موڑ کے

ذریعہ عمل میں لائے جانے والے اس پروجیکٹ کے ذریعہ حکومت اور عوام کو فائدہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ لفٹ اریگیشن اسکیم کے علاوہ اِس سڑک کی تعمیر سے متصل اسمبلی حلقہ تیزی سے ترقی کی جانب آگے بڑھے گا۔انہوں نے اِس پروجیکٹ کی منظوری کیلئے کوشش کرنے والے مرکزی اور ریاستی حکومت کو اسمبلی حلقہ کے عوام کی جانب سے اظہار تشکر کیا۔

Sound Byte. Vakati Sri Hari

Dist Sant Sevalal Jayanti

آصف آباد ضلع بھر میں بنجارہ طبقہ کی جانب سے سنت سیوالال کی 287 ویں جینتی بڑے پیمانے پر منائی گئی۔ضلع ہیڈکوارٹر کے علاوہ تمام منڈل ہیڈکوارٹرس میں سیوالال کے تصویر پر پھول پیش کرتے ہوئے خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ضلع ہیڈکوارٹر میں منعقد کئے گئے جینتی تقریب میں منڈل کے ایجوکیشن آفیسر راتھوڑ سبھاش نے شرکت کرتے ہوئے سماج کے خدمات میں لمباڑہ سماج کو سیوالال مہاراج کو ایک آئیڈئیل کے طور پر لینے پر زور دیا۔انہوں نے اس مہینہ کی 17 تاریخ کو ضلع ہیڈکوارٹر میں منائے جانے والے سیوالال جینتی کی سرکاری تقریب میں بڑے پیمانے پر شرکت کرنے عوام سے اپیل کی جبکہ سنت سیوالال مہاراج کی 287 ویں جینتی راجنا سرسلہ ضلع میں واقع تانڈوں میں بڑے پیمانے پر منائی گئی۔تانڈوں میں بنجارہ طبقہ کے افراد نے ریالیاں بھی نکالی۔

overall Maha Shivratri

ناگرکرنول ضلع میں مہا شیوراتری بڑے پیمانے پر عقیدت واحترام کے ساتھ منائی جارہی ہے۔مندروں میں عقیدتمندوں کی بڑی تعداد خصوصی پوجا کررہی ہے۔ضلع کے ہیڈکوارٹر میں بھیمیشوا ایلم کے علاوہ دیگر مقدس مقامات اوما مہیشورم اور سیاحتی مقام والے سوما شیلا میں عقیدتمند مہا شیوراتری کو منارہے ہیں۔مہا شیوراتری کے موقع پر ریاستی وزیر صحت داموراج نرسمہا نے سنگاریڈی ضلع

کے فصل واڑی گاؤں میں سری جوتیر واستو ودیا پٹم کی جانب سے منعقد کئے گئے ایک تقریب میں ملک کے مختلف ندیوں سے حاصل کئے گئے پانی کے ذریعہ شیوالنگم کو دھونے کی رسم میں حصہ لیا جبکہ مہا شیوراتری کے موقع پر اتوار کی صبح سے ہی مندروں میں عقیدتمندون کی بڑی تعداد دیکھی جارہی ہے جبکہ تلنگانہ کے ایک تاریخی جھراسنگم کے تا کی سمیشوراسوامی مندر میں مہا شیوراتری کی تقریبات بڑے پیمانے پر منعقد کی گئی۔ تلگوریاستوں کے علاوہ کرناٹک، مہاراشٹرا سے تعلق رکھنے والے عقیدتمند بھی بڑی تعداد میں پوجا کررہے ہیں اور مہا شیوراستری کے موقع پر سدی پیٹ ضلع کے حسن آباد اسمبلی حلقہ میں بھی واقع مندر میں عقیدتمندوں نے خصوصی پوجا کی۔ ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے مندر میں ریشمی ملبوسات پیش کئے۔

IND - PAK

مردوں کے T20 کرکٹ ورلڈکپ کے تحت ابھی تھوڑی دیر میں کولمبو میں ہندوستان اور پاکستان کے درمیان مقابلہ ہوگا۔ دومیاچوں میں کامیابی حاصل کرتے ہوئے چار پوائنٹ کے ساتھ رہنے والی یہ دوٹیمیں آج کے میاچ میں سیمی فائنل کے دوڑ میں اہم مانی جارہی ہیں۔

Women's T20

بینکاک میں منعقد ہوئے خواتین ایشیاء کپ رائزنگ اسٹار 2026ء ٹی20 ٹورنمنٹ میں ہندوستان نے پاکستان کے خلاف شاندار کامیابی حاصل کی۔ آج منعقد ہوئے گروپ اسٹیج میاچ میں ٹیم انڈیا نے پاکستان کو 8 وکٹوں کے فرق سے شکست دی۔ اس میاچ میں ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرنے والے پاکستان کو ہندوستانی باؤلرس نے 18.5 اوورس میں 93 رنس تک ہی محدود کردیا۔

Congress - BRS Corporator

منچر یال میونسپل کارپوریشن میں کامیابی حاصل کرنے والے تین بی آرایس کے کارپوریٹرس نے کانگریس میں شمولیت اختیار کرلی۔کارپوریشن کے 23 ویں ڈویژن کے کارپوریٹر شنکراور 45 ویں ڈیویژن کی سنیتا اور 47 ویں ڈویژن کے سائی کرشنا نے رکن اسمبلی پریم ساگر راؤ کی موجودگی میں کانگریس میں شامل ہوئے۔اس کے ذریعہ منچر یال کارپوریشن میں کانگریس کی طاقت 47 تک پہنچ گئی ہے۔

KTR Sevalal

حیدرآباد میں واقع تلنگانہ بھون میں سنت سیوالال مہاراج کی جینتی تقریب بڑے پیمانے پر منائی گئی۔اس تقریب میں بی آرایس کے ورکنگ صدر کے تارک راما راؤ نے مہمان خصوصی کے طور پرشرکت کی۔انہوں نے سیوالال کی تصویر پر پھول پیش کرتے ہوئے خراجِ عقیدت پیش کیا۔اس موقع پر کے ٹی آر نے کہا کہ سیوالال کی جینتی تقریب منانے پر وہ خوشی محسوس کررہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ گریجن طبقہ کے افراد کی ترقی کیلئے سابق وزیراعلیٰ کے سی آر نے کئی ایک اقدامات کئے تھے۔لمباڑا تانڈوں کوگرام پنچایت کا درجہ دینے کا اعزاز کے سی آر کو ہی حاصل ہے۔

Jangaon Municipality

جنگاؤں میونسپلٹی چیرمین کی سیٹ پر تجسس برقرار ہے۔ انتخابی نتائج کے بعد کسی بھی پارٹی کو واضح اکثریت حاصل نہیں ہوئی ہے۔یہاں پر پارٹیوں کی جانب سے کیمپ کی سیاست جاری ہے۔نتائج کے اعلان کے ساتھ ہی کانگریس پارٹی اپنے بارہ ممبروں اور دو آزاد امیدواروں اور ایک سی پی آئی کے وارڈ ممبر کو کیمپ کو منتقل کرچکی ہے جبکہ دوسری جانب بی آرایس بھی اپنے 13 وارڈ ممبروں کے ساتھ دو آزاد امیدواروں کو ملاکر جملہ 15 ممبروں کو کیمپ کو منتقل کرچکی ہے۔30 بلدی وارڈ والی

جنگاؤں میونسپلٹی میں 16 ممبروں کی تائید حاصل ہونے پر ہی دو دہائی اکثریت حاصل ہوگی لیکن کسی بھی پارٹی کو واضح اکثریت نہ ملنے پر ایکس آفشو ووٹ اہم مانا جا رہا ہے۔

○○